دیوتا سب کچھ کر سکتے ہیں۔ کیول ہم میں وہ وشواش اور شردھا نہیں رہا۔ جو کہ بھگت جنوں کے لئے ہونا لازمی ہے۔ اسی کشمکش اور دونو طرف کی ضد نے سادھو مہاتما کو اپنی زبان بھگوتی کے ارپن کاٹنے پر مجبور کر دیا۔ کہ اگر ماتا میں شکتی ہوگی۔ تو وہ میری زبان درست کر دیگی اس بات کے ثابت کرنے کے لئے کہ یہ مورتیاں پورن سرو شکتیمان ہوتی ہیں۔ اور سب کچھ کر سکتی ہیں۔ اس سادھو نے سب کے سامنے اپنی زبان کاٹ ڈالی ہے۔ جو اس وقت وہ گنگا جل میں پڑی ہے۔ اور بعد سب کے سامنے ہون کنڈ میں ڈالی جاویگی۔ بس یہی سب معاملہ ہے۔ وہ سادھو مہاتما بھگوتی کی ارادھنا میں رات دن لولین ہیں۔ اتنا سُنکر مسٹر وار برٹن صاحب نے وہ کاٹی ہوئی زبان اپنے پاس منگوا کر رکھ لی۔ اور حکم دیا۔ کہ اس برہمچاری مہاتما پر پہرہ لگا رہے۔ تاکہ یہ کہیں بھاگ نہ جائے۔ دیکھیں۔ اس کی زبان کس طرح ثابت ہو جاتی ہے۔ اتنا کہہ کر کٹی ہوئی زبان اپنے ہمراہ لے گئے۔ پانچ دن تک متواتر ہون یگیہ ہوتے رہے۔ پانچواں دن زبان کے درست ہونے کا دن تھا۔ کپتان صاحب پولیس بھی موقعہ پر تشریف لے آئے۔ ادھر بھگوتی کا خوب ارادھن ہو رہا تھا۔ بھگت جن ماتا کے پریم میں رنگے ہوئے بھجن گا رہے تھے۔ عین وقت پر ماتا نے اپنے بھگتوں کی لاج رکھنے کے لئے برہمچاری مہاتما کی زبان کو ویسی کی ویسی کر دیا۔ بھگوتی کی پرتیکش شکتی دیکھ کر سب نے سر جھکا دیا اور برہمچاری جی کا جلوس شہر میں نہایت تزک و شان سے نکالا گیا۔ کپتان صاحب بھی جلوس کے ہمراہ نہایت پریم و شردھا سے بھگوتی گن گاتے رہے۔ بھگوتی کے اس معجزہ نے عام لوگوں کو اپنا سیوک بنا لیا۔ اور اس دن سے مندر کی شوبھا کو چار چاند لگنے شروع ہو گئے۔ برہمچاری کے بعد بھی اسی مندر میں اور دو بھگتوں کی آجتک زبانیں درست ہو چکی ہیں۔ یہی کارن ہے کہ اس مندر میں ہر روز خوب بھیڑ رہتی ہے۔ اور سال میں دونوں نوراتروں کے دنوں میں یہاں آٹھ آٹھ یوم کا میلہ لگتا ہے۔ شہر کی تمام ماتائیں یہاں آکر پوجن کرتی ہیں۔ جاگے ہوتے ہیں۔ بھجن و کیرتن کا انند ہوتا ہے۔ اور سب نرناری ماتا کے درشنوں سے اپنی منوکامنائیں پورن کرتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مندر کا احاطہ وسیع ہے۔ اب ارد گرد نئی عمارتیں بنائی گئی ہیں۔ مندر کے لئے دو بڑے دروازے رکھے گئے ہیں۔ شوجی مہاراج کا مندر بھی ماتا کے سنمکھ ہے +

(۱۰) شری رگھوناتھ جی کا مندر

جے رگھونندن جے رگھونایک جے جے جے رگھبیر
جے سُر نایک بھگت سہایک جے جے جے بلبیر

شری رگھوناتھ جی کے مندر کی لیلا بھی وچتر بیان کی جاتی ہے۔ اس کی شرن میں جو جو مہا دیکتیاں اپنا ظہور دکھلا گئیں۔ ان کے جیون چرتروں پر روشنی ڈالنا بھگت جنوں کے ہردوں کو پرپھلت کرنا ہے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ جی کے تخت نشین ہونے سے پہلے یہ استھان ایک کھلا میدان تھا۔ قلعہ کی حدود کے اندر تھا۔ اور پلٹنوں کی پریڈ (قواعد) وغیرہ کے استعمال میں لایا جاتا تھا۔ اس سمے پربھو کی اچھیا سے ایک بیراگی مہاتما گھومتے گھومتے یہاں آن پدھارے۔ اور اس استھان کو شہر سے دور فاصلے پر دیکھ کر اپنا آسن جما دیا۔ اور خود پربھو کی بھگتی میں لین ہو گئے۔ آپ کا شبھ نام ستشری سوامی بھگوانداس جی مہاراج تھا۔ آپ کے جیون میں کمال یہ تھا۔ کہ آپ گٹکا شکتی کے ماہر تھے۔ یعنی اگر آج آپ دس بجے امرتسر ہیں۔ تو بارہ بجے کلکتے دکھائی دیں گے۔ اور ایک بجے آپ بمبئی کی سیر کرتے ہوئے پائے جائیں گے اسی طرح آپ ایک ہی وقت میں اپنے مختلف جگہوں کے انیک بھگتوں کو درشن دے کر کرتارتھ کیا کرتے تھے۔ یہی کارن تھا۔ کہ آپ کی بھگتی کا چرچا اس قدر بڑھ گیا۔ کہ شردھالو بھگتوں نے آپ کو یہاں ہی ٹھہرنے پر مجبور کر لیا۔ آپ بردھ اوستھا کے تھے۔ مگر آپ نے اپنے اپدیش سے کابل۔ پشاور۔ کوٹ عیسے خان۔ شکارپور۔ اور کٹاس براج وغیرہ مقامات پر پربھو کے مندر استھاپت کروائے تھے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یہاں پر بھی آپ کا ارادہ مندر بنوانے کا ہی تھا۔ مگر اس قلعے کی پریڈ میں مندر بنوانا
بھی کار دارد کا معاملہ تھا۔ تاہم بھی بھگوان کے سچے بھگت کے ہردے سے نکلی ہوئی
آواز بھلا کب خالی جانے والی تھی۔ آپ کے وچار کسی حد تک مکمل ہو ہی رہے تھے
کہ عمر نے وچھوڑا دے دیا۔ اور آپ یہاں ہی پرلوک سدھار گئے۔ آپ کے بعد آپ
کے چیلے شری سوامی رگھوناتھ داس جی مہاراج گدی پر براجمان ہوئے۔ اس وقت
مہاراجہ رنجیت سنگھ جی تخت پر بیٹھے ہوئے تھے۔ قلعہ کے ذمہ دار افسروں کی توجہ اس
جانب مبذول ہوئی۔ کہ اس سادھو کو یہاں سے اٹھا دینا چاہیئے۔ تاکہ مہاراجہ کو
معلوم ہو جانے پر ناراض نہ ہوں۔ اس پر بذریعہ پولیس مہاتما جی کو یہاں سے اٹھ جانے کے
لئے اصرار کیا۔ مگر وہ انکار کرتے رہے۔ آخیر معاملہ مہاراجہ تک پہنچ گیا۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ
ایشور بھگت اور سادھو سیوک تھے۔ خود چلکر مہاتما کے پاس پہنچے۔ اور عرض مدعا
بیان کیا۔ تب مہاتما نے وہاں اپنا کھنڈ منڈ یوگ دکھایا۔ (یعنی جسم کو ٹکڑے ٹکڑے
کرکے پھر ویسے کے ویسے بن جانا)۔ آپ کی اس شکتی کو دیکھ کر سب نے سر جھکایا۔ اور
مہاراجہ نے متاثر ہو کر اجازت دے دی۔ کہ اس کے ارد گرد کی تمام جگہ مہاتما کو دی جاوے
تب مہاتما جی نے یہاں ایک چھوٹی سی جھونپڑی بنا کر اپنے گورو دیو کی آتما کی آواز کو پورن
کردیا۔ یعنی بھگوان کا جھونپڑی میں مندر استھاپت کر دیا۔ اسی طرح آپ کی بھگتی نے مہاراجہ
کو اور بھی مطیع کیا۔ اور مہاراجہ نے شری رادھا کرشن کی منوہر جگل جوڑی قلعہ سے اس
جھونپڑی کی شوبھا کو چار چاند لگانے کے لئے خود بھینٹ کی۔ جو اس وقت تک مندر میں
شوبھا پا رہی ہے۔ بہت عرصہ تک پربھو کی لیلا اسی طرح ہوتی رہی۔ آپ نے اپنی تپسیا
کی کمالیت سے شکارپوری لوگوں کو بھی اپنا معتقد بنا لیا ہوا تھا۔ آپ میں دوسری صفت
یہ تھی۔ کہ وہ لوگ اپنی ضروری چٹھی لکھ کر آپکے پاس رکھ جایا کرتے تھے۔ اور دو گھنٹہ کے
بعد آکر جواب لے لیا کرتے تھے۔ چاہیئے۔ وہ سینکڑوں کوسوں کی دوری کی کیوں نہ ہو۔ آپ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نے بھگوان کا پختہ مندر بنوانا آرنبھ کیا۔ مگر اس وقت سکھوں کا راج پلٹ چکا تھا۔ انگریزوں کی حکومت تھی۔ قلعہ کے افسروں نے مندر کی عمارت کو روکنا چاہا۔ ہوتے ہوتے معاملہ ولائت تک گیا۔ اور وہاں سے حکم آیا۔ کہ یہ جگہ رگھوناتھ جی کے ارپن ہو چکی ہے۔ اس لئے مندر کی عمارت کو نہ روکا جاوے۔ کہا جاتا ہے۔ کہ یہ بات قلعہ کے عہدناموں میں موجود ہے تب مندر نہایت پریم اور بھگتی سے ایک عظیم الشان عمارت میں تعمیر ہو گیا۔ جس کی کاریگری موجودہ کاریگروں کو محو حیرت بنا رہی ہے۔ ادھر مندر کی عمارت مکمل ہو چکی۔ ادھر مہنت جی بھی ضعیف العمر ہو گئے۔ ایک دن بھگت منڈلی میں وچار ہوا۔ کہ مہاراج! آپ نے اپنے بعد کس کو گدی دینے کا ارادہ رکھا ہے۔ تب آپ نے فرمایا۔ کہ ہم کسی کو گدی پر نہیں بٹھلائینگے بلکہ کسی سیٹھ کو اپنی ایک نشانی دے جائینگے۔ ہمارا جو چیلہ اس گدی کے قابل ہوگا۔ وہ خود بخود سیٹھ کے ہاں سے وہ نشانی جا کر لے آئیگا۔ اور وہ گدی کا مالک ہوگا۔ کچھ عرصہ بعد آپ نے شریر تیاگ دیا۔ اور وہ نشانی (سمرنی) ایک بڑے سیٹھ کو دے گئے۔ آپ کے ایک چیلے شری سوامی تلسی داس جی باہر یاترا کے لئے گئے ہوئے تھے۔ سُنا کہ گورو دیوجی شریر تیاگن کر گئے ہیں۔ آپ فوراً واپس آئے۔ اور سیدھے سیٹھ کے مکان پر گئے۔ فرمایا کہ ہمارے گورو دیو کی نشانی (سمرنی) دے دیجئے۔ اس طرح آپ گدی کے مہنت بنے آپ کی بھگوان سے پریم و بھگتی کا یہ ٹھکانا تھا۔ کہ آپ ایک دن میں ٹھاکر جی کی تین پوشاکیں تبدیل کیا کرتے تھے۔ اور خود بھی تین مرتبہ کپڑے بدل لیتے تھے۔ تمام سادھوؤں کو چوماسہ کے لئے یہاں روک رکھتے تھے۔ اور بعد ایک بڑی بھاری منڈلی کے ساتھ تیرتھ یاترا کو نکلا کرتے تھے۔ راستے میں جہاں کہیں بھی قیام کرتے۔ اپنا مکان بنوا کر رہا کرتے تھے اور جاتی دفعہ اسے دھرم ارتھ چھوڑ جایا کرتے تھے۔ اور آگے جا کر نیا بنا لیا کرتے رہے اسی طرح آپ اپنی عمر کے آخیری سال شری جگن ناتھ جی کی یاترا جاتے ہوئے کلکتہ میں بیمار ہو گئے۔ آپ نے وہاں بھگوان کا مندر بنوایا۔ اور وہاں پر ہی کچھ عرصہ بیمار رہ کر سرگباش

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہوگئے۔ آپ کے بعد شری سوامی سمرچند داس جی مہنتی پر براجمان ہوئے۔ آپ بھی اپنے وقت کے اعلے مہاتما ہوگذرے ہیں۔ آپ کے چولا چھوڑ جانے کے بعد شری سوامی ریوتی داس جی مہنت بنے۔ آپ نے سب سے بڑھ کر کمال دکھایا۔ یعنی مندر کے نام تین صد بیگہ اراضی قائم کردی۔ اور مندر کے خزانہ میں ایک لاکھ روپیہ نقد جمع کردیا۔ آپ کے بعد سوامی رام سروپ داس جی مہنت ہوئے۔ آپ گرہست آشرم میں پردیش کرگئے۔ اور مندر پر شہر کے معززین کی ایک پنچایت کا قبضہ ہوگیا تھا۔ اب موجودہ مہنت رام سوبھا داس ہیں۔ غرضیکہ یہ مندر بھی دیکھنے کے قابل ہے۔ مندر کی مورتیاں دیکھنے سے ہی دل پرسن ہوجاتا ہے۔ ودیارتھی لوگ رہتے ہیں۔ لنگر جاری ہے۔ باہر سے آنیوالے یاتریوں کے آرام کے لئے ہر وقت جگہ مل سکتی ہے۔ ہر سال ان کوٹ کا تہوار بڑی شان سے منایا جاتا ہے۔ جس کے لئے ایک دن پہلے شہر میں بذریعہ اشتہار منادی کروائی جاتی ہے اور سب سے بڑا آنند یہ کہ مندر کے بڑے دروازے کے سامنے دو کدم کے برکش اپنی عجیب بہار دکھلا رہے ہیں۔ مندر سرور کے کنارے پر ہے۔ بہت وسیع اور خوشنما ہے ٭

(۱۱) شری مہابیرجی کا بڑا مندر

بھگت سہائک دکھ کے ہرتا بل ودیا کی کھان
جے بجرنگ بلی سکھداتک جے جے جے ہنومان

یہ مندر بھی ایک قابل ذکر استھان ہے۔ دو صد سال کا پراچین ہے۔ دیکھنے میں بینظیر ہے۔ پنجاب بھر میں مہاں بیرجی کے تمام مندروں سے بڑا ہے۔ جو اب نہایت عالیشان طریقہ پر بنایا گیا ہے۔ اس کے سنہری چھتر دکلسوں کے دیکھنے سے جسم میں زندگی کی لہر چل جاتی ہے۔ اس کی شوبھا بڑھانے کا سہرا شریمان

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

لالہ پرس رام جی دلال کریانہ کے سر ہے۔ آپ بھی لگن کے سجن ہیں۔ مدت مدید سے ہر سال شری رام نومی کی عظیم الشان سواری نکالنے کا آپ کو ہی فخر ہے۔ اس وقت آپ مندر کے کھیہ منتظم ہیں۔ پچھلے دو سالوں میں مندر کی عمارت پر بیس ہزار سے زیادہ روپیہ خرچ آچکا ہے۔ ابھی عمارت زیر تعمیر ہے۔ مندر کے اس شان سے بڑھ جانے کے حالات بھی خالی از دلچسپی نہیں۔ پراچین سمے میں یہاں ایک چھوٹا سا مہاں بیر جی کا مندر تھا۔ اور یہاں ایک صوفی مہا تما جی رہا کرتے تھے۔ انہوں نے بیس سال تک متواتر مون دھارن (چُپ سادھن) رکھا۔ جن کے اخیر میں چھ ماہ وہ مندر کے اندر دھونی رما کر بیٹھ گئے۔ اور مندر کو اندر سے مقفل کر لیا۔ مہاں بیر جی کی ارادھنا کرتے رہے۔ دورانِ بیس سال آپ نے ان تیاگ رکھا تھا اگر کوئی بھگت پھل وغیرہ دے گیا۔ تو کھا لیا۔ ورنہ ہری اچھیا۔ اتنی کٹھن تپسیا کے بعد مہاں بیر جی پرسن ہو کر پرگھٹ ہوئے۔ فرمایا۔ کہ مجھے کیوں تکلیف دی۔ تب مہا تما جی بولے۔ کہ مہاراج میری اچھیا ہے۔ کہ آپ یہاں بھی نواس کر کے بھگت جنوں کو کرتارتھ کریں۔ جواب ملا۔ کہ یوں تو میرا ہر جگہ ہی استھان ہے۔ پرنتو ہمارا نواس سوائے ہنومان گڑھی (اجودھیا جی) کے اور کسی جگہ نہیں ہو سکتا۔ یہی وجہ ہے۔ کہ سوائے ہنومان گڑھی کے باقی تمام جگہیں میری مورتیاں کھڑی پائی گئی ہیں۔ اس پر مہا تما جی بضد ہوئے۔ اور بصورت دلی اچھیا پورن نہ ہونے کے سریر تیاگ دینے کی گڑھی پرتگیا کر لی۔ تب بھگتوں کے ہتکاری مہاں بیر جی نے فرمایا۔ کہ اچھا ہمارا نواس یہاں بھی رہیگا۔ تم اس بھبھوتی کی ہماری بیٹھی ہوئی پرتما مورتی بنا کر استھاپت کر دو۔ اتنا کہہ کر آپ انتردھیان ہو گئے۔ تب مونی جی نے ویسا ہی کیا۔ آپ تقریباً سو سال کی عمر بھوگ کر سرگباس ہو گئے۔ آپ کی موجودگی میں ہی ہاتھی دروازہ کی کمبو برادری میں سے کسی گھرانے کی منو کامنا پورن ہو گئی۔ تو ایک

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ماتا نے اپنا دو سال کا بچہ مہابیر جی کے ارپن کر دیا۔ جو بعد میں ہری داس جی کے نام سے اسی گدی پر پچھتر سال سیوا کر کے پرلوک سدھار گئے۔ جن کو آج سرگباس ہوئے بیس سال کے قریب ہو گئے ہیں۔ ان کے بعد سے لالہ صاحب موصوف سیوا کر رہے ہیں۔

مہابیر جی کے متعلق عام طور پر یہ پرسدھ ہے۔ کہ آپ کا مکھ سدا ایک طرف نہیں رہتا۔ آپ عموماً اپنا چہرہ بدلتے رہتے ہیں۔ نیز آپ کے چہرہ پر کرودھتا سے یا گرمیوں کے موسم میں بارہا پسینہ بھی دیکھا گیا ہے۔ یہ کلوکال کے پرتیکش پرمان ہیں۔ چند یوم کے متواتر ابھیاس سے سب سجن دیکھ سکتے ہیں۔ جہاں تک دیکھا جا چکا ہے۔ کہ جو بھی سچے دل سے آپ کی شرن پڑا۔ سب آرزوئیں پوری ہوئیں۔ یہ کارن ہے۔ کہ اس مندر کی پرتشٹھا باقی مہابیر جی کے مندروں سے ادھک ہے۔ اسی مندر کے احاطہ میں مہابیر جی کا پہلا پراچین مندر۔ شنو جی مہاراج کا مندر۔ ستی کی سمادھ۔ شری ٹھاکر جی کا مندر اور شری گائیتری ماتا کے مندر سشوبھت ہیں۔ مندر میں شری رام لکشمن اور سیتا جی کی بہت سندر مورتیاں پرتشٹھت ہیں۔ حال ہی میں مندر کے دروازے سے سمت ۱۸۰۱ بکرمی کا شریمان پنڈت برج لال جی سارسوت کوچہ تواڑیاں کا لگایا ہوا مہابیر جی کے نام ایک کنوآں برآمد ہوا ہے۔ جس کا جل بہت میٹھا ہے؎

جہاں پر عموماً ہر روز کافی بھیڑ رہتی ہے۔ مگر ہر منگلوار کو تو ایک میلہ سا لگ جاتا ہے اور بھجن و کیرتن کا خوب آنند ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں ہر روز ہمارے مانیہ ور شری سناتن دھرمی اپدیشک۔ میڈلسٹ۔ کتھارتن سورن پدک پراپت شریمان پنڈت لکشمی دت جی کتھا واچک اپنی منوہر گائن روپی سنسکرت کتھا دوارہ مندر کی شوبھا کو چار چاند لگا رہے ہیں۔ بیراگی مہاتماؤں کے بعد آپ نے ہی سب سے پہلے درگیانہ سرودر پر کتھا کا سلسلہ آرمبھ کیا تھا۔ آپ کی سُریلی اور منوہر بانی سے سینکڑوں نرناری نت پرتی دھرم امرت سے فیضیاب ہو رہے ہیں؎

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بیکنٹھ نگر

سشری درگیانہ تیرتھ کی مشترکہ دیواروں کے ساتھ ہاتھی دروازہ کی طرف ایک نہایت خوبصورت نگر تیار ہو رہا ہے۔ جس میں ایک بازار اور چند کوچے بنائے گئے ہیں۔ دربار کی درشنی ڈیوڑھی سے نکلتے ہی سامنے ایک عظیم الشان دروازہ جو ابھی کمیٹی نے دس ہزار روپیہ خرچ کرکے تیار کروایا ہے سے بازار شروع ہوتا ہے۔ گو ابھی بازار مکمل نہیں ہوا۔ مگر اس کی بناوٹ یہ بتا رہی ہے۔ کہ دو سال تک یہ بازار ایسا خوشنما تیار و آباد ہوگا۔ جو دُرگیانہ تیرتھ کے لئے باعث رونق فخر کہا جاوے گا۔ بازار کے ساتھ ہی کئی ایک کوچے بھی تیار ہوئے ہیں۔ مکانات نہایت عالی شان بنائے جا رہے ہیں۔ جن میں بہت سے مقامات یاتریوں کے ٹھہرنے کے لئے بھگت جنوں نے دہرم ارتھ تعمیر کروائے ہیں۔ اس محلہ کو اگر بیکنٹھ نگر کہا جائے۔ تو بجا ہے

بیکنٹھ نگر کی بناوٹ دل کو لبھا رہی ہے
مانو کہ دُرگیانہ کی شوبھا بڑھا رہی ہے

علاوہ ازیں اس بیکنٹھ دھام میں کئی ایک قابل ذکر دیو مندر و قابل دید استھان ہیں۔ مگر بخوف طوالت وضاحت سے پرہیز کیا جاتا ہے۔

بینظیر بھجنوں کا انمولیہ رتن
پریم کیرتن

مصنفہ شریمتی شانتی دیوی جی زیر طبع ہے جو نئی طرزوں کے بینظیر بھجن روپی پھولوں کا ایک پریم بھرا سگندھت گلدستہ ہے۔ جسکے بھجن واقعی بھگوان کے پریم میں رنگے ہوئے بھگتی کی زندہ تصویریں ہیں۔ ہر ایک استری پرش کو اس رتن سے اپنی جھولی بھر لینی چاہیئے

قیمت صرف ۱۲/ ملنے کا پتہ - شری لکشمی نارائن پستکالیہ امرتسر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بیکنٹھ یاترا

اس میں کسی شک کی گنجائش ہی نہیں رہی - کہ اب ڈرگیانہ تیرتھ بیکنٹھ دھام سے کم ہے - ایک یاتری اس سورگ دھام کے یوں درشن کرتا ہوا آنند اٹھا رہا ہے :-

بوہ گڑھ دروازہ سے نکلتے ہی پرتھم پوجت شری گنیش جی مہاراج کے درشن ہوتے ہیں - آپ کا پوجن کیا اور یونہی مندر سے باہر نکلے - شری بھگوتی چنڈ کا ماتا کے درشن پائے - من خوب پرسن ہوا - طرح طرح کی پھول پھلواڑیوں اور انیک دیو مندروں کے درشن کرتا ہوا شری کالی ماتا کے دربار جا پہنچا - آشیرباد لی - آگے بڑھا - تو سری لکشمی نارائن جی کے لنگر کی رچنا دیکھ کر پرسن ہوا - ساتھ ہی سنسکرت پاٹھ شالا کے ودیارتھیوں کو وید ابھیاس کرتے دیکھ آنند میں پھولے نہ سمایا - ادھر کتھا بھون کی عالیشان عمارت کی بناوٹ ادھر سنسکرت لائبریری کی سجاوٹ دل کو باغ باغ کر ہی رہی تھی - کہ سری ست نارائن بھگوان کا دربار کھلا پایا - درشن کرتے ہی من کے پٹ کھل گئے - طبیعت پریم میں گدگد پرسن ہوئی - مندر کی پرکرما کرخوشی میں ہی جھوم رہا تھا - کہ ہرودر کا سندر جل ٹھاٹھیں مارتا ہوا نظر پڑا - دل للچایا - کپڑے اتارکنارے پر رکھ دیئے - اور ابھی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سرودر کی امرت دھارا میں ایک ہی غوطہ لگایا تھا۔ کہ بدن نرمل ہوگیا
من کو شانتی پراپت ہوئی۔ اور جسم میں پریم و بھگتی کی لہر چلنے
لگی۔ خوب اشنان کیا۔ اور فارغ ہو کر سیدھے آنند کند تربوکی
ناتھ بھگوان سری کرشن چندر جی کے چرن کملوں کے درشن کئے۔
آپ کی سہانی منوہر چھبی نے تن کے روم روم کو خوش کر دیا۔ اسی
خوشی میں جھومتے چلے جا رہے تھے۔ کہ شری گنگا ماتا کے ساکھشات
درشنوں نے من کی رہی سہی اپوترتا کو بھی صاف کر دیا۔ سیس چرنوں
میں جھک گیا۔ نمسکار کر آگے بڑھے۔ تو بھولے بھنڈاری
آسن جمائے براجمان دیکھے۔ نندی گن جی سیوا میں کھڑے ہیں۔
خوب لیلا ہو رہی ہے۔ پرنام کیا۔ سندر استھان تھا۔ بھجن
کرنے کو چت چاہا۔ مگر باقی درشنوں کی ترشنا نے آگے جانے پر
مجبور کر دیا۔ جونہی قدم اٹھایا۔ ایک عجیب نقشہ آنکھوں کے
سامنے دکھائی دیا۔ درختوں کی پیاری پیاری چھاؤں عجیب
بہار دکھا رہی تھی۔ شام کا سمہ تھا۔ دوکانوں کی قطاریں
سج رہی تھیں۔ جا بجا پانی کی چھبیلیں لگی ہوئیں۔ پھلیرے
پھولوں کے ٹوکرے سجائے پھول چن رہے تھے۔ رونق کا
وہ عالم کہ کندھے سے کندھا گھس رہا تھا۔ لوگ ہاتھوں میں
پھولوں کے سہرے لئے شری لکشمی نارائن جی کے درشنوں
کے لئے چلے جا رہے تھے۔ آپ بھی پھولوں کا سہرہ ہاتھ میں
لے بھگوان کے درشنوں کے لئے تیار ہوا۔ من میں درشنوں
کی چاہ تھی۔ دل میں سچی لگن تھی۔ یونہی مندر کی ڈیوڑھی میں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

قدم رکھا۔ جسم نے لرزہ کھایا۔ دروازے سے ہی تریلوکی ناتھ نظر
پڑے۔ آنکھیں ٹکٹکی لگائے درشنوں کی پیاس میں ماہیِ بے آب
کی طرح بلک رہی تھیں۔ مندر کے پُل کا سفر کافی تھا۔ قدم کو
تیر کی مانند چلنے کا حکم دیا۔ جُوں جُوں زیادہ نزدیکی حاصل ہوتی
گئی۔ کوئی غیبی طاقت جسم پر بجلی سا اثر کرتی گئی۔ جتنے کہ مندر
کے دروازے پر پہنچنے کی دیر ہوئی۔ اور یونہی بھگوان کی
ادبھت و شال چتر بھج سُندر جگل جوڑی کو اپنی آنکھوں
دوارا ہردے میں انکت کیا۔ رومانچ کھڑے ہو گئے۔ دل
باغ باغ خوش ہو گیا۔ آنکھوں سے پریم کی امرت دھارا
بہنے لگی۔ دل نہیں چاہتا تھا۔ کہ آپ کی پیاری جھانکی
کو آنکھوں سے ایک منٹ کے لئے بھی اوجھل کر دے۔
آپ کے سندر جلال میں اس قدر جادو بھرا ہوا ہے۔ کہ گھنٹوں
کھڑے رہو۔ من نہیں بھرتا۔ طبیعت اُکتاتی نہیں۔ پریم بڑھتا
ہی چلا جاتا ہے۔ خوب جی بھر کے درشن کئے۔ اور جنم جنمانتروں
کے پاپوں کو کھنڈت کر پربھو کی بھگتی کا پرساد پایا۔ ہرکریاں
کی ہر کی پوڑی سے چرنامرت پان کیا۔ اور پھر پربھو کے سامنے
آ کھڑے ہوئے۔ بھگوان آگے سے بھی دہ چند بڑھ کر دکھائی دیئے۔
من چرنوں میں لگ گیا۔ ساکھشٹانگ پرنام کر چلنے کو دل چاہا۔
مگر پیارے کی موہنی مورت اپنی طرف کھینچ رہی ہے۔ دل نہیں
چاہتا۔ کہ آپ کے چرن کملوں سے جُدا ہوئے۔ چار و ناچار قدم
اٹھانا چاہتا ہے۔ مگر پیچھے کو پڑتا ہے۔ آپ کی مقناطیسی شکتی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہیں اتنا جلوہ ہے۔ کہ کیا مجال پاپی سے پاپی بھی وہاں آکر موہت ہوئے بغیر خالی رہ سکے۔ صرف ایک دفعہ درشن کرنے کی دیر ہے۔ تن من کی سدھ بھول جاتی ہے۔ پتھر سے پتھر دل موم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح بھگت اپنا قدم باہر کی طرف اٹھاتا ہے مگر دو قدم چلتا ہے۔ پھر پیچھے مڑ کر دیکھ لیتا ہے۔ زبان سے بھگوان کی انیک پرکار کی استتی کرتا ہوا مندر سے باہر آتا ہے۔ من بھرپور ہے۔ پربھو کے چرنوں میں لولین ہے۔ آگے بڑھتا ہے۔ مگر چت کی لگن اسی کے چرنوں میں لگ رہی ہے۔ ادھر سادھو مہاتماؤں کی منڈلیاں بھجن و کیرتن میں مصروف دیکھیں۔ چت پر اور گہرا اثر ہوا۔ ادھر نظر کی۔ تو بھگوتی سیتلا مہارانی کے مندر پر نظر پڑی۔ خوب رونق دیکھی۔ آگے بڑھا۔ ماتا کے درشنوں سے آنند اٹھاتا ہوا سیدھا شری رگھوناتھ جی کے مندر میں جا پہنچا۔ سیس جھکایا۔ روم روم پرسن ہوا۔ اسی پرکار اس دھام کے انیک دیو مندروں۔ پھول پھلواڑیوں۔ شبھ استھانوں۔ بھجن کیرتن اور کتھاؤں کی منڈلیوں اور سادھو مہاتماؤں کی ٹولیوں کے درشن کرتا ہوا شری مہابیر جی کے مندر میں جا پہنچا۔ جھک کر پرنام کیا۔ اور کتھا پیا لے کر خوشی خوشی باہر آیا۔ من پربھو کے چرنوں میں لین ہو ہی چکا تھا اسی کا سمرن کر رہا ہے۔ اور زبان سے پکار پکار کر کہہ رہا ہے ؎

اگر سورگ سنسار میں ہے کہیں ٭ یہیں ہے یہیں ہے یہیں ہے یہیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جگ موہن

جگ موہن کی بناوٹ۔اس کی دلفریب سجاوٹ۔ روشنی کی جگمگاہٹ عجب سماں باندھ رہی ہے۔ چاروں طرف دیواروں پر آدم قد آئینے۔ رنگ برنگ کے نقش و نگار۔ بے شمار پربھو لیلاؤں کی من موہنی تصویریں خوب رنگ جما رہی ہیں۔ چھت پر ہزاروں روپوں کے سندر گلوب۔ دلربا جھاڑ و فانوس۔ طرح طرح کے رنگین گیس و بجلیاں۔ دیکھنے والوں کو عش عش کرا دیتی ہیں۔ ہر سمت سنگ مرمر کی گلکاری۔ چاندی کے خوشنما دروازوں کی چترکاری حیران و بے قرار کر دیتی ہے۔ فرش پر سنگ مرمر کی مینا کاری۔ مندر کی خوبصورتی کو اور دوبالا کرتی ہے۔ غرضیکہ جگ موہن کی سجاوٹ کو دیکھ کر ہر خورد و کلاں کی زبان سے واہ وا کی پریم بھری صدائیں نکل پڑتی ہیں۔ چت نہیں چاہتا۔ کہ اس روح افزا بھون کو چھوڑ کر کہیں اور جگہ خیال دوڑایا جاوے من بھرمایا جاوے۔

جگ موہن کی اس قدر سجاوٹ اُدھر بانکے بہاری کی جگل سرکار کے منموہنے درشنوں کی وچتر بناوٹ پرانی کو ایک جادو سا ڈال دیتے ہیں۔ کیا مجال کہ آنکھیں سرکار سے ہٹ جائیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

قدم حرکت کرے - یا چیت اوداس ہو - مجبوراً پریم وش ہوا - وہیں بیٹھ بھگوان کا سمرن کرنا شروع کر دیتا ہے - ایک طرف بڑے بڑے گائین آچاریہ پربھو کے سنمکھ بیٹھے ہری گن گا رہے پریم برسا رہے ہیں - بس ادھر کا آنند - بھگوان کی پرتی - بھگتوں کی سجاوٹ پرانی کو اس طرح موہت کر دیتے ہیں - کہ وہ گھر بار کی سدھ بھول دہیں کا ہو جاتا ہے

اسی طرح ہزاروں نر ناری وہاں پربھو کے بھجن میں مصروف رہتے - ہری گن گاتے - پریم برساتے - آنند اُٹھا رہے ہیں ؏

ے

جگ موہن ہے پریم نگر پربھو درشن کی کھان
پدو دھرتے ہے بھگتی پھل کہت ہے لال نگھان

تصویریں

بھگوان شری لکشمی نارائن جی و دربار اور سروور شری درگیانہ تیرتھ کی ہر دو تصویریں نفیس آرٹ پیپر پر نہایت اعلےٰ رنگین بڑے سائز پر علیحدہ چھپوائی گئی ہیں - صرف ایک ایک آنہ میں ہم سے طلب کریں ؏

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مہاتم

لوک اور پرلوک میں دو سدھیاں مانی جا چکی ہیں۔ سوارتھ تھا پرمارتھ۔ سنساری جیو سوارتھ کی زیادہ چاہنا کرتے ہیں۔ بہت کم ہیں۔ جن کے چت پرمارتھ کیلئے بیاکل ہیں۔ مگر یہ بیکنٹھ دھام ہر طرح کی لوک اور پرلوک سدھیوں کا بھنڈار ہے۔ صرف من کی شدھی اور پریم بھاؤ کی ضرورت ہے۔ آپ اپنے جنم جنما تر کے پاپ کاٹنے کے لئے سرور کی امرت دھارا میں غوطہ لگائیں۔ نشکپٹ۔ یتن اور بیرتا کی ضرورت ہے۔ تو بھگوتی درگے۔ مہارانی سیتلا اور شری مہاں بیر جی کی سچے ہردے سے بھگتی کیجئے۔ سنساری پدارتھوں کی ہوس ہے۔ تو بھولے بھنڈاری کا سمرن کریں۔ دھن کی اچھیا ہے۔ تو شری لکشمی جی کا پوجن کریں۔ شری رام دھام کی پراپتی کی چاہنا ہے۔ تو شری رگھوناتھ جی کی شرن پڑیں۔ مکتی کی آشا ہے۔ تو آنند کند شیام بہاری شری کرشن چندر جی کی ناتھ کے چرنوں میں لین ہو جئے۔ اور اگر سچے پرمارتھ کی ادچیہ کوٹی کے گرہن کرنے کی لگن ہے۔ تو سیدھے شری لکشمی نارائن جی کے چرن کملوں کا آسرا لیں۔ بیڑا خود بخود پار ہو جاویگا۔ سنسار سے ادھار ہو جاوے گا اس سے بڑھ کر مہاتم کیا؟ صرف ایک دفعہ اس مہا پوتر بھومی کے درشن کیجئے۔ ہردے کے پٹ خود بخود کھل جاوینگے۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا؟

۵

اک بار اس سورگ کے جو کوئی درسن پائے

سکھ بھوگے سنسار میں انت مکت ہو جائے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تہوار اور میلے

ہندو جاتی کے بزرگوں کے قربان۔ کلوکال میں بھی ہندو قوم کی لاج رکھ لی آج اگر ہندو قوم کے تہوار قائم نہ رہتے۔ ہندوؤں میں کبھی جیون قائم نہیں رہ سکتا تھا۔ اور آئندہ آنیوالی نسلیں بزرگوں کے کارناموں سے کسی طرح سے بھی آشنا نہ رہ سکتی تھیں۔ یہی کارن ہے۔ کہ اس پوتر تیرتھ پر ہر اک تہوار خاص اہمیت اور شاستروکت طریقہ سے منایا جاتا ہے۔ یوں تو ہر روز ہزاروں نرناری بھگوان کے درشنوں اور تیرتھ اشنان کے لئے جمع ہی رہتے ہیں۔ مگر ہرماوسیہ۔ اکادشی۔ نومی اور سنکرانتی کے دنوں میں خاص ہجوم ہوکر ایک میلہ سا لگ جاتا ہے۔ علاوہ ازیں ہر منگلوار مہاں بیر جی کے درشنوں کے لئے بھگت گروہ کے گروہ دکھائی دیتے ہیں۔ نیز سیتلا مہارانی کے درشنوں کا انند۔ شری رگھوناتھ جی کی شوبھا۔ شری کالی بھگوتی کے درشن۔ درگا بھوانی کی لگن۔ شری شوجی مہاراج کی پوجا۔ تیرتھ اشنان اور ساکشات بھگوان شری لکشمی نارائن جی کی پریم بھری کشش تو اندر لوک تک کو درشنوں کی چاہنا میں بیاکل کر دیتی ہے۔ چہ جائیکہ امرتسر کے نرناری آپ کی سہاونی اور چھبت جھانکی کے درشنوں سے کسی دن بھی خالی رہ سکیں۔ کبھی ممکن نہیں ؛

علاوہ ازیں سال بھر میں لوہڑی۔ بسنت پنچمی۔ شوراتری۔ ہولی۔ درگا اشٹمی۔ رام نومی۔ بیساکھی۔ گنگا دسمی۔ نرجلا اکادشی۔ شرت چاندنی۔ جنم اشٹمی۔ دسہرہ اور دیوالی بمعہ ان کوٹ کے میلے اس پوتر تیرتھ پر نہایت تزک و احتشام سے منائے جاتے ہیں۔ شہر کے علاوہ دور

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دراز کے ہزاروں سجن خاصکر ان موقعوں پر تیرتھ اشنان اور بھگوت درشنوں کے لئے پریم سے آتے ہیں۔ ان اُتسوؤں میں سے ہولی۔ گنگا دسمی۔ نرجلا اکادشی۔ جنم اشٹمی اور دیوالی کے اتسب خاص طور پر خصوصیت رکھتے ہیں۔ ہولیوں کے دنوں میں تو شری بندرابن کا پورن نظارہ آنکھوں کے سامنے ہوتا ہے۔ کتھا کیرتن۔ راگ۔ راگنیاں۔ اور راگ سبھاؤں کے وچتر نظارے قابل دید ہوتے ہیں۔ شری گنگا دسمی اور اکادشی کے اشنان اور درشنوں کا اتنا مہاتم ہے۔ کہ جس کا ورنن قلم کی طاقت سے باہر ہے۔ یہی شبھ دن (دسمی) ہے۔ کہ جس دن قادر مطلق۔ لامحدود۔ خالق دو جہان۔ پتت پاون۔ جگت وتسل ہری پورن پرماتما شری لکشمی نارائن جی کھشیر ساگر سے چتر بھج روپ میں بھگت جنوں کے کلیان نمت یہاں پرگھٹ ہو کر براجمان ہوئے تھے۔ دیوالی کی رات روشنی کا وہ عالم ہوتا ہے۔ کہ سارا دھام بجلی کی رنگا رنگ کی روشنی سے جگمگ جگمگ دکھائی دیتا ہے۔ مندر بجلی کے رنگ برنگ کے سینکڑوں ہاروں سے سشوبھت ہوتا ہے۔ اس دن ہزاروں روپوں کی آتشبازی چلائی جاتی ہے۔ اسی طرح جنم اشٹمی پر بھی پرکنبھ کے دلفریب ہنڈولوں کی خاص شان دلوں کو پرسن کر شری بندرابن کا نظارہ قائم کر دیتی ہے۔ غرضیکہ ہر تہوار دسلہ پراچین رسومات کے مطابق اپنی شان آپ ہوتا ہے۔ جو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے ٭

واہ کیا عجیب رنگ جما دیتے ہیں میلے واہ واہ
نالو پراچین دھرم کی شان دکھا دیتے ہیں میلے واہ واہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہندو جاتی سے پرارتھنا!

اس پوترا ستھان شری دُرگیانہ تیرتھ کا اتنی جلدی کمالیت کو پہنچ جانا کسی غیبی طاقت کے اونے کرشمے کی جھلک کے بغیر ہرگز تصور نہیں کیا جا سکتا۔ کہاں لاکھوں روپیہ کا خرچ اور پھر بلا رُکاوٹ آناً فاناً میں جمع ہو جانا اس عہدِ بیکاری میں ناممکن نہیں۔ تو مشکل ضرور نظر آتا ہے۔ مگر ذرا درگیانہ کمیٹی کی دان پرنالی پر نظر دوڑا کر دیکھا جاوے۔ تو حیرانی کی کوئی حد نہیں رہتی۔ کہ چند سال کے قلیل عرصہ میں دان کی تعداد ہزاروں نہیں۔ بلکہ لاکھوں تک پہنچ چکی ہے اور دن بدن بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ تتھا استو!

بھگوان کی اپار کرپا سے درگیانہ کمیٹی کو اس وقت کسی بات کی کمی معلوم نہیں ہوتی۔ بھگت جن خود بخود پربھو سیوا میں ہیں ہیں۔ لاکھوں روپے کا دان دے چکے اور دے رہے ہیں۔ مندر۔ لنگر۔ پاٹھ شالہ۔ اور تیرتھ کی عجائبات کے لئے ہزاروں روپے بے دریغ نچھاور کئے جا رہے ہیں۔ جس سے پرتیت ہوتا ہے کہ اس میں ضرور کسی غیبی ہاتھ کی کرپا کا خاص ظہور ہے۔ جو شاید بھولے بھنڈاری شری مہادیو جی کا ہی ہو۔ کیونکہ چند سال ہوئے اُنہیں ہی کیلاش پر تشریف لیگئے بتایا جاتا تھا۔ جو اُسی پرکھ ہیں یہ آنند برسا رہے ہوں۔ مگر خیر! اب جبکہ سوئم بیکنٹھ ناتھ شری لکشمی سہت اس پوتر دھام کو شوبھائمان کر رہے ہیں۔ تو پھر کمی کیسی!

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تاہم بھی ہم بذاتِ خود تمام ہندو بھائیوں سے بطور آگاہی یہ عرض کر دینا فرض اولین خیال کرتے ہیں۔ کہ اب دانی اصحاب کیلئے نادر موقع ہے۔ تیرتھ مکمل بن چکا ہے۔ اس سے بڑھ کر ہندو قوم کے لیئے اور کوئی دان کا شبھ استھان کیا ہو سکتا ہے؟

اسلیئے دانی اصحاب مندر پر سونا لگوائیں۔ اپنے نام کے پتھر کھدوائیں۔ عالیشان عمارتیں تیار کروائیں سنسکرت کالج کے برہمن بالکوں کیلئے ان۔ کپڑے اور پستکوں کا دان کریں۔ لنگر کی سہاتا کر ہزاروں بھوکوں کی دلی دعائیں لیں غرضیکہ اور جو شبھ دان بھی بھیجنا چاہیں۔ بھیجیں۔ کمیٹی میں دھنباد سہت سویکار کیا جاتا ہے؛

یہ تیرتھ دن بدن اپنی شان بڑھاتا رہے گا۔ اور سیوا کرنیوالے مہا پرشوں کا نیک نام ہزاروں سالوں تک سورج کی طرح منوّر رکھیگا۔ اس لیئے اب ہندو جاتی کو اس طرف ضرور دھیان دینا چاہیئے۔ اور جہاں تک جلد ہو سکے۔ اس کی رہی سہی کمی کو جلد پورا کر دینا چاہیئے۔ اب موقع ہے۔ ہاتھ سے نکل گیا۔ تو کف افسوس ملنا پڑے گا؛

دانی اصحاب کو دان کرتے سمے اس تیرتھ کا خاص خیال رکھنا چاہیئے۔ جہاں آپکا کیا گیا۔ یہ شبھ دان آپ کی کیرتی۔ یش اور مہما کو ہزاروں سال تک ہندو جاتی میں روز روشن کی طرح چمکاتا رہیگا؛

ماتا بہنوں کو بھی ضرور اس جگہ دان دیکر پُن کے بھاگی بننا چاہیئے ۔

دان دیئے دھن بڑھے پرسن ہوت بھگونت
اپنی مہا مفت میں پھل ہوت انرت

ہندو جاتی کا ادنے سیوک خادم لالچند ودھنا دمیڈلسٹ)

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پروگرام دربار شری لکشمی نارائن جی

صبح

۵ بجے سے	۵½ بجے تک	منگلا آرتی (درشن کھلا)
۵½ "	۶½ "	شرنگار (درشن بند)
۶½ "	۱۰¼ "	درشن کھلا
۱۰¼ "	۱۰¾ "	بھوگ (درشن بند)
۱۰¾ "	۱۱ "	درشن کھلا
۱۱ "	۴ بجے بعد دوپہر تک	سیَن (درشن بند)

بعد دوپہر

۴ "	۵½ "	اتھاپن (درشن کھلا)
۵½ "	۶¼ "	بھوگ اتھاپن (درشن بند)
۶¼ "	۶¾ "	درشن کھلا
۶¾ "	۷ "	بھوگ سندھیا (درشن بند)

رات

۷ "	۹ "	درشن کھلا
۹ "	۹¼ "	درشن بند
۹¼ "	۹½ "	درشن کھلا
۹½ "	۱۰ "	بھوگ (درشن بند)
۱۰ "	۱۰½ "	درشن کھلا
۱۰½ "	۵ بجے صبح تک	سیَن (درشن بند)

ہر اکادشی کے دن مندر رات کے گیارہ بجے اور شرت چاندنی کے دن رات کے بارہ بجے بند ہوا کرتا ہے۔

نوٹ

(۱) بھگت جن بھگوان کیلئے پھول کی سہندو پھیرے سے لیکر پوجاری کے ذریعہ چڑھایا کریں۔

(۲) یاتری جو مالائیں لائیں۔ اُن میں سے جو مالائیں بھگوان پر چڑھانے کے قابل ہیں۔ وہ اسوقت سے اگلے وقت کیلئے شرنگار کے سمے چڑھائی جایا کرتی ہیں۔ دوسری مالائیں بھگوان کے چرنوں سے چھُو کر واپس دیجاتی ہیں۔

(۳) جو مالا رات کے وقت آویں۔ وہ بھگوان کی سیجا پر رکھی جاتی ہیں

(۴) مندر میں چڑھانے کے لئے بھوگ کمیٹی کے منظور شدہ حلوائی سے لیا جانا چاہیئے۔ ورنہ دوسری دکان سے لایا ہوا بھوگ بھوگ نہیں لگایا جاتا۔

(۵) مندر میں داخل ہوتے سمے چمڑے کی کوئی چیز یا سگرٹ وغیرہ اپنے ہمراہ نہ لے جانا چاہیئے۔

دربار کی تصویر سنہ ۱۹۸۲ء کی ہے جبکہ مندر تعمیر ہو رہا تھا۔ اب دوسری منزل و دیگر عمارتیں تیار ہو گئی ہیں۔ جو دوسرے ایڈیشن کی فوٹو میں دکھائی جاویں گی۔ ہم پنڈت کالی چرن جی کے مشکور ہیں جنہوں نے ہمیں یہ فوٹو بلاک بنانے کے لئے دی۔ (درگا داس بھنڈاری)

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایشور بھگتوں کیلئے بے بہا انمول رتن

بھگتی ساگر باتصویر

مصنفہ شریمان لالہ لال چند دھنا سپڈ سٹ امرتسری

دوبارہ چھپ گیا ہے - یہ ایک ایسا مقبول عام پستک تیار ہوا ہے - جس کی تعریف قلم کی طاقت سے باہر ہے - اس کی مقبولیت کا صرف اس بات سے ہی اندازہ لگایا جا سکتا ہے - کہ پہلے ایڈیشن کی دس ہزار کاپی تین ماہ کے قلیل عرصہ میں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگئی - اور مانگ اس قدر ہے - کہ باہر کے سینکڑوں آرڈروں کی تعمیل ہی نہیں ہو سکی - اس میں وید شاستر - گیتا - شریمد بھاگوت - پوران - رامائن - استوتر - منگلا چرن - بھجن - بینتیاں - ہنومان چالیسہ اور سنکٹ موچن وغیرہ وغیرہ انیک رتن جمع کئے گئے ہیں - غرضیکہ بھگتی مارگ کی جملہ خوبیوں کا یہ چمکتا گوہر ہے - صرف ایک دفعہ ہاتھ میں پکڑنے سے ہی طبیعت للچا جاتی ہے ؛

علاوہ بیشمار خوبیوں کے چار رنگین تصویریں اس کی شان کو چار چاند لگا رہی ہیں - کاغذ اور چھپوائی نہایت نفیس ہے - بیل بوٹے و چھوٹی تصویریں بھی نہایت اعلےٰ ہیں - گویا کسی پہلو سے بھی یہ پستک کم نہیں ہے - صرف ایک بار درشنوں کی ضرورت ہے - خریدار دہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بذاتِ خود مہیا کر دیتی ہے - پریم بھگتی کے خواہشمندوں کو یہ پستک ضرور ہر وقت پاس رکھنی چاہیئے - بچّوں کی زندگی دھارمک بنانے کے لیئے تو یہ بے بہا جوہر ہے - باوجود بے شمار صفات کے

قیمت

صرف ۲ ر رکھی گئی ہے

تاکہ ہر ایک بھائی آسانی سے خرید کر بھگوان کی
بھگتی میں لین ہو سکے - اس پُستک کی
موجودگی میں کسی اور پُستک کی اتنی ضرورت
ہی نہیں رہتی - چار پستکوں سے
کم کا وی پی نہیں کیا جائے گا -
پُستک کی تقطیع نہایت موزوں
رکھی گئی ہے - تاکہ سفر میں
بھی اٹھانے میں وقت
نہ ہو - جیب میں
ڈال لیں - اور
پریم بھگتی
کا آنند
لیں

المشتہر

منیجر شری لکشمی نرائن پستکالیہ امرتسر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہمارے قیمتی جواہرات

اس پُستکالیہ کا نہایت قلیل عرصہ میں اس قدر مقبولیت حاصل کر لینا محض اس کی بینظیر کم قیمت اور اعلےٰ پستکوں کی قدر دانی پر ہی منحصر ہے۔ اپنی کتابوں کے دس دس ہزار کے ایڈیشن تین ماہ میں فروخت کرنے اسی کا کام ہے۔ اس لئے ہم جملہ بھائیوں سے پرارتھنا کرتے ہیں۔ کہ وہ جونسی پستک یا سٹیشنری کی ضرورت محسوس کریں فوراً ہمیں لکھیں

نام پُستک	قیمت	نام پُستک	قیمت
بھگتی ساگر با تصویر ہندی اردو	۲/	دیانند کا کچا چٹھا	۹ پائی
بکنٹھ دھام "	۴/	آریہ سماج کا یم راج	۱/
گیتا اردو۔ گورمکھی۔ ہندی ہر قسم	ہ؍ سے ۸ تک	سناتن دھرم پرشنا وتری	۱/
ہندی اردو سکھشاولی	۳/	اوتار فلاسفی اور اسلامی خدا کی حقیقت	۱/
سناتن دھرم	۴/	شری رام درشن	۱۰/
درن ویوستھا	۱۲/	شری کرشن درشن	۱۰/
پوران فلاسفی	۴/	رسیلا بھگت	۱۰/
دھرم	۱۲/	رام تیرتھ مہما	ـ/
اوتار میمانسا	عصہ/	مہاں ویر جیون چرتر	۲/
مورتی پوجا	عصہ/	وشنو دیوی درشن اردو گورمکھی	۱/
ستیارتھ پرکاش سمت ۱۸۷۵	ہے	وشنو سہسر نام	۲/
دیانند کی قسمت کا فیصلہ سورگ میں	۲/	گوپال سہسر نام	۲/
دروپدی کے پانچ پتی	۲/	استری بھجن ۴، پریم کیرتن	۲/
سندھی اور سناتن دھرم	۱/	شیام سندر بھجن	۱۰/

المشتہر

منیجر شری لکشمی نارائن پستکالیہ امرتسر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

प्रेम प्रभु दी दात है, प्रेम जगत् सरताज।
जुग जुग रहे जहान ते, अटल प्रेम दा राज॥



प्रेम कीर्तन

*** नवीन भजनों का अमूल्य रत्न ***

हिन्दी भाषा में छप गया जो बिलकुल नई तर्जों के अमूल्य भजन रूपी का प्रेम भरा सुगन्धित गुलदस्ता है। जिसके भजन प्रभु के प्रेम में रंगे भक्ति की मूंह बोलती तस्वीरें हैं। स्त्री शिक्षा के भी भजन दर्ज हैं। इस जो स्त्री पुरुष भगवान को गायन द्वारा प्रसन्न कर उसकी भक्ति का आनन्द चाहें वह फौरन इस पुस्तक को खरीदें। कीमत।) चार आने।

-दुर्गादास भण्डारी, अध्यक्ष श्री लक्ष्मी नारायण पुस्तकालय अमृतसर।

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

प्रेम प्रभु दी दात है, प्रेम जगत् सरताज।
जुग जुग रहे जहान ते, अटल प्रेम दा राज॥



प्रेम कीर्तन

*** नवीन भजनों का अमूल्य रत्न ***

हिन्दी भाषा में छप गया जो बिलकुल नई तर्ज़ों के अमूल्य भजन रूपी
का प्रेम भरा सुगन्धित गुलदस्ता है। जिसके भजन प्रभु के प्रेम में रंगे
भक्ति की मुंह बोलती तस्वीरें हैं। स्त्री शिक्षा के भी भजन दर्ज हैं। इस
जो स्त्री पुरुष भगवान को गायन द्वारा प्रसन्न कर उनकी भक्ति का आनन्द
चाहें वह फौरन इस पुस्तक को खरीदें। कीमत ।) चार आने।
दुर्गादास भण्डारी, अध्यक्ष श्री लक्ष्मी नारायण पुस्तकालय अमृतसर।

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

Entered in Database

Signature with Date

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar